# چانسلر کا ضابطہ

**نمبر:** C-37
**موضوع:** کمیونٹی مہتممین کا انتخاب
**زمرہ:** عملہ
**جاری کردہ:** 1 اگست، 2019

## تبدیلیوں کا خلاصہ

یہ ضابطہ چانسلر کے ضابطے C-37 کی سابقہ اشاعت، مورخہ 21 ستمبر، 2018 کو منسوخ کرتا ہے اور اس کی جگہ ہے۔

**تبدیلیاں:**

- امیدوار کے انٹرویو کے بعد والدین اور عملے کے ساتھ مشاورت کرنے کے متعلق طریق کار میں تجدید کی جا چکی ہے تاکہ یہ ریاستی قانون کے ساتھ مربوط ہو جو یہ تقاضا کرتے ہیں مشاورت میں تقرری کے لیے زیرِ غور مجوزہ حتمی امیدوار یا امیدواروں کے ساتھ ملاقات کا ایک موقع ہو اور تقرری کرنے سے قبل چانسلر کو آرا فراہم کی جائیں۔
- ضابطے کے اختتام پر رابطے کی معلومات میں تجدید کی گئی ہے۔
- دستاویز کو مزید قابلِ رسائی بنانے کے لیے فٹ نوٹس کی معلومات کو (ضابطے کے) عام متن میں شامل کر دیا گیا ہے۔

## خلاصہ

نیویارک ریاست تعلیمی قانون، نیویارک شہر محکمئہ تعلیم کے چانسلر کو کمیونٹی مہتممین کو منتخب کرنے کا اختیار دیتا ہے۔ یہ ضابطہ، کمیونٹی اسکول ضلع مہتمم کے عہدے کے لیے تعلیمی، منتظامانہ، انتظامی قابلیتوں، کارکردگی کے ریکارڈ کے معیار کو قائم کرتا ہے۔ یہ کمیونٹی مہتمم کی تقرری کرنے کے طریقہ کار بھی قائم کرتا ہے۔

## I. اہلیت

کمیونٹی مہتممین کے پاس نیویارک ریاست اسکول ضلع قائد سرٹیفیکیٹ، یا اسکے مساوی ریاستی محکمہ تعلیم کا جاری کردہ سرٹیفیکیٹ ہونا لازمی ہے۔

اسکے علاوہ، امیدوار کے لیے مندرجہ ذیل تعلیمی، منتظمانہ اور انتظامی قابلیت اور کارکردگی کے ریکارڈ کے معیار پر پورا اترنا لازمی ہے۔

A. تعلیمی قابلیت

- کم از کم سات سالوں کا تعلیم دینے کا کامیاب تجربہ جیسا کہ چانسلر کے ضابطہ C-30 میں ہے، اس کے علاوہ کم از کم تین سالوں کے لیے کسی پبلک یا نجی اسکول کا پرنسپل ہونا لازمی ہے، ماسوائے امیدوار 22 اگست، 2014 سے قبل بطور محکمئہ تعلیم کے مہتمم کے طور پر خدمات انجام دے رہا تھا۔
- ایک قابل احترام، وسیع تجربے کے ساتھ اعلی صلاحیت کا حامل تدریسی قائد ہونے کا مصدقہ مظاہرہ کرے، انگریزی زبان کے متعلمین کے انگریزی کے حصول کے تمام مراحل، خاص تعلیم طلبا اور قابل اور ہنرمند طلبا کی تعلیمی ضروریات کو سمجھتا ہو اور ان کی مدد کر سکتا ہو؛
- معیاراتی جائزے اور / یا طالبِ علم کی پیشرفت کے اشاروں کے ذریعے پیمائش کردہ تمام طلبا کے نتائج کو کامیابی کے ساتھ بہتر بنانے اور قیادتی فروغ کے ثابت شدہ ریکارڈ۔
- اعداد و شمار (ڈیٹا) کے ذریعے فیصلہ سازی، جداگانہ تعلیم، اور جاری تعلیم بالغاں کو طالبِ علم کے بہتر نتائج کے آلہ کار ہونے کی عہدبستگی کا مظاہرہ؛
- تدریسی بنیاد پر زور: مشمولات کے دوراہے، استاد اور طالبِ علم؛
- فنون کی تعلیم اور طلبا کے ہنر کو ابھارنے کے عزم کا مظاہرہ؛ اور
- ان پیچیدہ امور کی سمجھ اور ذیل کے موثر نظریات اور موثر طریقوں کا اطلاق کرنا:
    - ♦ طالب علم کی تعلیم، نشو ونما اور فروغ؛
    - ♦ تمام رائے دہندگان کے لیے پیشہ ورانہ فروغ؛
    - ♦ کلاس روم میں (تدریسی) طریقوں میں تعلیمی ٹکنالوجی کا استعمال؛
    - ♦ خصوصاً زیادہ ضروریات کے حامل طلبا کے لیے جداگانہ تدریسی حکمت عملیاں؛
    - ♦ اسکول کی مسلسل بہتری کی بنیادوں کے طور پر تشکیلی تشخیصات؛
    - ♦ شواہد پر مبنی تشخیصات: عکاسی کرنے والے طریقے اور عملے کے لیے اہدافی معاونت۔

B. منتظمانہ اور انتظامی قابلیت

1. والدین کو اور اسکول کی برادریوں کو طلبا کی تعلیم کی بہتری کی فیصلہ سازی میں شامل کرنے کی ثابت شدہ عہدبستگی اور قابلیت؛
2. اسکول کی برادریوں کے تمام ارکان کو شامل رکھنے کی قابلیت کا مصدقہ مظاہرہ؛ اور
3. اساتذہ اور اسکول کے قائدین کو فروغ دینے کا تجربہ۔

C. ذاتی پیشہ ورانہ قابلیت

ذیلی ثبوت:

- اقدار کا اعلٰی معیار، ایمانداری، اور پیشہ ورانہ معاملات میں دیانت داری؛
- عملے اور اسکول کی برادریوں کے ساتھ ملکر اچھے طریقے سے کام کرنے کی صلاحیت؛
- مظبوط انتظامی صلاحیتیں اور موثر انداز میں ابلاغ کرنے کی قابلیت، زبانی اور تحریری دونوں میں؛
- تعلیمی قیادت اور طلبا، والدین، عملے اور اسکول کی برادریوں کو تحریک اور ترغیب دینے کی قابلیت؛
- تنازعات کو حل کرنے، بحث کے ماحول کو منتشر کرنے اور تمام حلقوں کو ایک جیسے اہداف کے حصول کے لیے اکھٹا کرنے کی صلاحیت
- دشواری سے دوچار اسکولوں کو جداگانہ معاونت کے ذریعے پرنسپل حضرات کے ساتھ بطور شراکت دار کام کرنے کی قابلیت تاکہ ان کی تعلیمی قیادت کی صلاحیت کو فروغ دیا جائے اور اس کو تیز تر کیا جائے۔
- دشواری سے دوچار اسکولوں کے لیے پرنسپل حضرات کی مرکزی دفاتر کے شعبوں سے تعلیمی اور فعالی خدمات تک رسائی میں معاونت فراہم کرنے کی قابلیت۔
- برادری کے متعلقہ فریقین کے ساتھ ابلاغ کرنا اور ان کو شامل رکھنے کی قابلیت؛
- برادری کے لیے قابل رسائی اور آسانی سے قابلِ رابطہ ہونے اور برادری کی تقریبات میں شامل ہونے کی قابلیت؛

D. کارکردگی کے ریکارڈ کا معیار

کمیونٹی مہتمم کے عہدے کے لیے تمام درخواست دہندگان کو اس بات کا مظاہرہ کرنا ہوگا کہ انہوں نے اپنے موجودہ اور سابقہ عہدوں پر تعلیمی حصولیابی، منتظمانہ، اور انتظامی اثرپذیری میں مسلسل پیش رفت کی تھی۔ طلبا کی حصولیابی میں نشو ونما کے تواتر کا ثبوت فراہم کرنا ہو گا۔

## II. درخواست کا طریقِ کار

کمیونٹی مہتمم کی آسامیوں کو محکمئہ تعلیم کی ویب سائٹ پر شائع کیا جائے گا۔ اشتہار کے جواب میں درخواستوں کو آن لائن پُر کرنا لازمی ہے۔ درخواست کے طریق کار کے حصے کے طور پر درخواست کنندگان سے درخواست میں دیئے گئے مخصوص موضوع پر ایک مضمون اور حوالہ جاتی خطوط جمع کرانا ہونگے۔

## III. امیدواروں کی تشخیص

چانسلر کا نامزد کردہ نمائندہ درخواستوں کا جائزہ لے گا اور ویب سائٹ پر شائع کیے گئے عہدوں کے لیے درخواست دینے والے امیدواروں میں سے قابلیت رکھنے والے افراد کا انٹرویو کرے گا۔

## IV. والدین اور عملہ کے ساتھ مشورہ

امیدواروں کے انٹرویو مکمل ہو جانے کے بعد، چانسلر کا نامزد کردہ نمائندہ کمیونٹی مہتمم کے لیے مجوزہ حتمی امیدوار یا امیدواروں کا تعین کرے گا اور یہ یقینی بنائے گا کہ ضلع کی اجتمائی تعلیمی کونسل اور صدور کی کونسل اس کے ساتھ **UFT** کے ایک نمائندے، **CSA** کے ایک نمائندے، اور **DC37** کے ایک نمائندے کے ساتھ مشاورت کا انعقاد کیا جائے۔ ایسی مشاورت میں ایک اجلاس شامل ہونا چاہیئے جس میں مزکورہ بالا کونسلوں اور ملازم

نمائندگان کے پاس مجوزہ حتمی امیدوار (امیدواروں) سے ملاقات کرنے اور بات چیت کرنے کا اور چانسلر کو آرا فراہم کرنے کا موقع ہو۔ چانسلر کے نامزد کردہ کمیونٹی مہمتم کے (عہدے) کے لیے امیدوار کی سفارش کو چانسلر کے پاس بھیجنے سے قبل ایسی آرا کو زیرِ غور لائیں گے۔

**V. انتخاب اور ملازمت**

جز IV میں بیان کی گئی مشاورت اور کونسلوں، ملازم نمائندگان کی آرا کو زیرِ غور لانے کے بعد مشاورت، چانسلر کا نامزد کردہ نمائندہ کمیونٹی مہتمم کے (عہدے) کے لیے ایک امیدوار کی سفارش کریگا۔ اگر چانسلر سفارش کو قبول کر لیتے ہیں، وہ کمیونٹی مہتمم کو تقرر کریں گے اور یہ یقینی بنائیں گے کہ اجتماعی تعلیمی کونسل، صدور کی کونسل اور مذکورہ بالا یونین کے نمائندگان کو تقرری کی اطلاع بھیجی جا چکی ہے۔ اگر چانسلر سفارش مسترد کر دیتے ہیں، چانسلر کے نامزد کردہ نمائندہ کے لیے مذکورہ بالا جُز III اورIV میں بیان کردہ طریقے کے تحت دوسرے امیدوار کی سفارش کرنا لازمی ہے۔

**VI. قائم مقام مہتممین کی ذمہ داریاں**

ہر کمیونٹی اسکول ضلع کے پاس ہر وقت ایک ایسے قابل فرد ہونا لازمی ہے جو مہتمم کی خدمت انجام دے سکتا ہو۔ اگر کسی موقع پر کوئی باقاعدہ تقررکردہ مہتمم نہ ہو (مثلاً استعفٰی، ریٹائرمنٹ)، چانسلر ایک قائم مقام مہتمم کو تقرر کریگا۔ چانسلر اسکو یقینی بنائے گا کہ اجتماعی تعلیمی کونسل، صدور کی کونسل اور CSA، UFT اور DC 37 کے نمائندگان کو اس تقرری کی اطلاع ہو جائے۔ قائم مقام مہتمم کے نیویارک ریاستی سرٹیفیکیٹ کی مطلوبات کی تکمیل کرنا لازمی ہے یعنی اس کے پاس نیویارک ریاستی اسکول ضلع لیڈر سرٹیفیکیٹ کا ہونا لازمی ہے۔

**VII. استثناء**

کمیونٹی مہتممین چانسلر کی صوابدید پر کام کریگا۔ انہیں بغیر کسی پیشگی اطلاع کے معطل کیا جا سکتا ہے، وجہ یا بغیر وجہ بتائے اور انکو معطل ہونے سے پہلے یا بعد میں سماعت کا حق نہیں ہو گا۔ ملازمت کی ایک شرط کے طور پر، کمیونٹی مہتممین سے تعلیمی قانون کے تحت فراہم کردہ کسی بھی حقوق کے استثنا پر دستخط کرنے کی استدعا کی جائے گی تاکہ یہ اعتراف کروایا جا سکے کہ یہ جانتے ہوئے ایسے حقوق سے دستبردار ہو رہے ہیں۔

**VIII. نگرانی**

چانسلر کا نامزد کردہ اس ضابطے پر عمل درآمد کی نگرانی کریگا۔

**IX. استفسارات**

اس ضابطہ سے متعلق استفسارات کو ذیل پتے پر بھیجنا چاہیے:

Office of the First Deputy Chancellor
N.Y.C. Department of Education
52 Chambers Street - Room 208
New York, NY 10007
ٹیلیفون: 212-374-6815
فیکس:212-374-5901